# 21-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ا۔ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی دو دن تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔مختلف موضوعات پر اپوزیشن پارٹیوں کی ہنگامہ آرائی کے دوران لوک سبھا کی کارروائی کوملتوی کردیا گیا۔

۲۔ارکان پارلیمنٹ نے آج لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کو جسٹس یشونت ورما کو ہٹانے کے لئے میمورنڈم پیش کیا۔

۳۔تلنگانہ قانون ساز کونسل چیرمین جی سکھندر ریڈی نے اِس بات پر نہایت تشویش کا اظہار کیا ہے کہ سیاسی سطح پر زبان بیان کے معیار میں کمی واقع ہورہی ہے کیونکہ سیاسی لیڈرس کی جانب سے جو زبان استعمال کی جارہی ہے اس سے عوام پر خراب اثر پڑ رہا ہے۔

اور

۴۔حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مرکز نے تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں شدید سے انتہائی شدید بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔

JUSTICE VERMA:

ارکان پارلیمنٹ نے آج لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کو جسٹس یشونت ورما کو ہٹانے کے لئے میمورنڈم پیش کیا۔لوک سبھا کے جملہ 145 ارکان نے دستور کے آرٹیکل 124، 217 اور 218 کے تحت جسٹس ورما کے خلاف مواخذے کی تحریک پر دستخط کئے ہیں۔ بی جے پی، کانگریس، ٹی ڈی پی، جے ڈی یو، جے ڈی (ایس)، جن سینا پارٹی، اے جی پی، شیو سینا (شنڈے) اور سی پی ایم سمیت مختلف پارٹیوں کے ممبران پارلیمنٹ نے اس یادداشت پر دستخط کئے ہیں۔ دستخط کرنے والوں میں بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ انوراگ سنگھ ٹھاکر، روی شنکر پرساد اور راجیو پرتاپ روڈی، کانگریس کے رکن پارلیمنٹ اور قائد اپوزیشن راہول گاندھی اور این سی پی-ایس سی پی کی سپریا سولے بھی شامل ہیں۔جسٹس یشونت ورما کی رہائش گاہ پر نقدی کی وصولی سے متعلق معاملہ کی پارلیمنٹ انکوائری کرے گی۔

## WEATHER

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مرکز نے تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں کہیں کہیں اگلے 48 گھنٹوں کے دوران شدید سے انتہائی شدید بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔ محکمہ نے آج جاری کردہ اپنے یومیہ بولٹن میں کہا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بھی کئی اضلاع میں انتہائی شدید بارش کا امکان ہے جبکہ اضلاع عادل آباد، آصف آباد، منچریال، پداپلی، بھوپال پلی، ملگو، کوتہ گوڑم، کھمم، محبوب آباد، ورنگل اور ہنمکنڈہ میں بھی یہی صورتحال رہے گی۔ اِس کے علاوہ آئندہ پانچ دن کے دوران تلنگانہ بھر میں مختلف مقامات پر شدید بارش ہوسکتی ہے۔ ریاست بھر میں اِس وقت جنوب مغربی مانسون معمول کے مطابق ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے چند ایک مقامات پر بارش ہوئی۔

## GUTHA SUKENDER

تلنگانہ قانون ساز کونسل چیرمین جی سکھندر ریڈی نے اِس بات پر نہایت تشویش کا اظہار کیا ہے کہ سیاسی سطح پر زبان بیان کے معیار میں کمی واقع ہورہی ہے کیونکہ سیاسی لیڈرس کی جانب سے جو زبان استعمال کی جارہی ہے اس سے عوام پر خراب اثر پڑ رہا ہے۔ نلگنڈہ میں واقع اپنے کیمپ آفس میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کونسل کے چیرمین نے تمام پارٹیوں کے لیڈرس پر زور دیا کہ اظہارِ خیال کے وقت زیادہ سے زیادہ شائستگی کا خیال رکھا جائے۔ انہوں نے انتباہ دیا کہ لیڈرس کو چاہیئے کہ آنے والی نسلوں کا خیال کریں اور انفرادیت کے بجائے نظام زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ سکھندر ریڈی نے مختلف فلاحی اسکیمات کو بھی غلط قرار دیتے ہوئے کہا کہ مفت کی اسکیمات سے ریاست اور ملک کی معیشت کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ ان کے مطابق اس طرح کی پالیسیوں سے دوسروں پر بھروسہ کرنے کی ذہنیت بن رہی ہے اور عوام میں کام کرنے کا جذبہ کم ہورہا ہے، بالخصوص تلنگانہ میں یہ صورتحال پائی جاتی ہے جہاں بہار اور چھتیس گڑھ جیسی ریاستوں سے مزدور طبقہ بڑی تعداد میں آرہا ہے۔

## RS - OATH & TRIBUTES

راجیہ سبھا کے صدرنشین جگدیپ دھنکر نے آج پارلیمنٹ کے ایوانِ بالا کے دو منتخبہ اور تین نامزد کردہ ارکان کو حلف دلایا۔ دو منتخب ارکان میں اے جی پی کے برندر پرساد اور بی جے پی کی کندرُکستھا شامل ہے جن کا تعلق آسام سے ہے۔ نامزد ارکان ڈاکٹر میناکشی جین، سدانندن ماسٹر اور ہرش وردھن شرنگلا ہیں۔ راجیہ سبھا میں ان سات سابق ارکان کو بھی خراج پیش کیا گیا جو حال ہی میں اس دنیا سے رخصت ہوچکے ہیں۔

## GO 49

ضلع عادل آباد میں قبائلیوں کی جانب سے آج کی گئی ہڑتال پرامن رہی۔ یہ اسٹرائیک جی او 49 کے خلاف کی گئی جسے مرکز کی جانب سے جنگلات کے تحفظ کے سلسلہ میں جاری کیا گیا ہے۔ عادل آباد، آصف آباد اور اوٹنور ایجنسی علاقوں میں بند منایا گیا۔ بائیں بازوں کی پارٹیوں بشمول سی پی آئی اور سی پی ایم نے اس احتجاج کی حمایت کی ہے۔ احتجاجیوں نے بعض مقامات پر بسوں کو ڈپو سے نکلنے نہیں دیا جس کی بنا پر آر ٹی سی بس خدمات متاثر ہوئیں۔ مختلف ہوٹلیں اور تجارتی ادارے بند رہے جبکہ اِس احتجاج کی حمایت میں تعلیمی ادارے بھی رضا کارانہ طور پر بند رہے۔ پولیس نے کہا کہ اس دوران کسی بھی طرح کا کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا۔

## ADVISORY

حیدرآباد سٹی پولیس نے شہر بھر میں آج شام کے سلسلہ میں ایک موسمیاتی الرٹ جاری کرتے ہوئے انتباہ دیا ہے کہ شدید ہوائیں چلنے کے علاوہ موسلا دھار بارش ہوسکتی ہے اور تیز بونده باندی کا بھی امکان ہے۔ عہدیداروں نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ شدید بارش کے دوران گھروں تک محدود رہیں اور غیر ضروری طور پر سفر کرنے سے احتیاط کریں۔ موٹر گاڑیاں چلانے والوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ محتاط طریقہ سے گاڑی چلائیں اور زیر آب علاقوں یا پانی بھرے ہوئے مقامات پر چوکس رہیں۔ پولیس نے عوام سے یہ خواہش بھی کی ہے کہ ٹریفک اڈوائزری پر عمل کیا جائے اور خراب موسم کے دوران عہدیداروں کے ساتھ تعاون کیا جائے۔ ایمرجنسی مدد کیلئے شہری 100 یا 112 نمبر پر ڈائیل کر سکتے ہیں۔

## BRS

بی آر ایس کے سابق وزیر سرینواس گوڑ نے کانگریس حکومت پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ شراب مافیا پر دباؤ بڑھا رہی ہے اور حیدرآباد کے آؤٹر رنگ روڈ (او آر آر) علاقہ کے آس پاس علاقہ روایتی تاڑی کے کمپاؤنڈس کو بند کرنے کی سازش کررہی ہے۔ انہوں نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ حکومت ملاوٹی تاڑی سے متعلق جھوٹی اطلاعات پھیلا رہی ہے تاکہ شراب کی فروخت میں اضافہ کیا جاسکے۔ حیدرآباد میں واقع پارٹی کے ہیڈکوارٹرس تلنگانہ بھون میں آج اظہارِخیال کرتے ہوئے انہوں نے انتباہ دیا کہ تاڑی کے کمپاؤنڈس کو بند کرنے یا او آر آر کی حدود میں اس کی فروخت بند کرنے کی کسی بھی کوشش پر سخت احتجاج کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس طرح کے کسی بھی اقدام سے تاڑی تاسندوں پر منحصر خاندانوں پر اثر پڑے گا۔

PM - MONSOON SESSION

وزیراعظم نریندر مودی نے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس ثمرآور رہے گا اور بامعنی مباحث ہوں گے جس سے ملک کی جمہوریت مستحکم ہوگی۔ مانسون سیشن کی شروعات سے قبل آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ اجلاس قوم کیلئے ایک فخر کا موقع ہوتا ہے، ہماری متحدہ کامیابیوں کی سچی خوشی ہوتا ہے۔انہوں نے تمام پارٹیوں کے ارکان سے خواہش کی کہ آج سے شروع ہوئے مانسون اجلاس کے عمدگی سے انعقاد کیلئے تعاون کرے۔

Sound Byte

وزیراعظم نے مزید کہا کہ آپریشن سندور کے دوران دنیا نے ہندوستانی فوج کی طاقت کو دیکھا ہے جبکہ ہندوستانی فوج نے صد فیصد کامیابی کے ساتھ اپنا مقصد پورا کیا۔انہوں نے دہشت گردی کے پیچھے چھپے دماغوں کو تباہ کیا ہے۔

AAIB:

شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ اے آئی۔171 طیارہ حادثہ کے سلسلہ میں ایرکرافٹ ایکسیڈنٹ انوسٹی گیشن بیورو (اے اے آئی بی) کی جانب سے شفاف طریقہ سے تحقیقات کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحقیقات کا عمل بین الاقوامی معیارات کے مطابق سختی سے کیا جارہا ہے۔ نائیڈو نے آج راجیہ سبھا میں وقفہ سوالات کے دوران جواب دیتے ہوئے کہا کہ تحقیقات کا ابتدائی مرحلہ مکمل کرلیا گیا ہے اور ایک ابتدائی رپورٹ داخل کردی گئی ہے۔ رام موہن نائیڈو کے مطابق حکومت یہ چاہتی ہے کہ سچائی کو باہر لایا جائے اور تحقیقات مکمل ہونے کے بعد یہ ظاہر ہوگا۔

SCHEME

ملازمت اور بازآبادکاری اسکیم کے تحت معذور افراد کو قرض فراہم کرنے کی سہولت کے تحت ایک اور موقع فراہم کئے جانے کے پیش نظر رنگاریڈی ضلع انتظامیہ نے خواہشمند افراد سے آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں۔ معذورین کی مختلف تنظیموں نے نمائندگیاں کرتے ہوئے اس اسکیم کو دوبارہ شروع کرنے کا مطالبہ کیا تھا جس پر حکومت نے رضامندی ظاہر کی۔ عہدیداروں کے مطابق آن لائن درخواستیں داخل کرنے کی آخری تاریخ 31 جولائی مقرر کی گئی ہے۔

HOUSE ADJOURNED

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی کو کل تک کیلئے ملتوی کر دیا گیا۔اپوزیشن پارٹیوں کی جانب سے مختلف معاملات پر گرڑھ بڑھ کے دوران لوک سبھا کی کارروائی ملتوی کی گئی۔اپوزیشن ارکان پہلگام، دہشت گرد حملے اور آپریشن سندور کے سلسلہ میں فوری بحث کرانے کا مطالبہ کر رہے تھے۔تیسری مرتبہ ملتوی کئے جانے کے بعد جب چار بجے شام ایوان کی کارروائی بحال ہوئی اپوزیشن پارٹیوں بشمول کانگریس، ڈی ایم کے، سماج وادی پارٹی اور دوسروں نے نعرے بازی شروع کردی۔ پریسائیڈنگ آفیسر نے ممبرس پر زور دیا کہ ایوان کی کارروائی کو عمدگی سے چلانے دیا جائے جبکہ حکومت مباحث کیلئے تیار ہے۔شوروغل کے دوران ایوان کی کارروائی کل تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔اس سے پہلے کارروائی پہلی مرتبہ ملتوی کرنے کے بعد 12 بجے دن دوبارہ شروع ہوئی تب کانگریس، ایس پی، ڈی ایم کے اور دیگر پارٹیوں کے ارکان نعرے لگاتے ہوئے پوڈیم کے قریب پہنچ گئے۔ پریسائیڈنگ آفیسر ارکان سے اپنی نشستوں پر بیٹھ جانے اور وقفہ صفر میں حصہ لینے کی اپیل کی۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ حکومت مباحث کیلئے تیار ہے۔

Sound Byte

اس سے پہلے ایوان زیریں میں پہلگام دہشت گرد حملہ کے مہلوکین اور ایرانڈیا طیارہ حادثہ میں مرنے والوں کو خراج پیش کیا گیا۔

OO